Reg. No. ....

Name : ....

FY-221

FIRST YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, SEPTEMBER 2021

Part–III

URDU

(Optional)

Maximum : 80 Scores

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 20 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 20 minutes in addition to the writing time of 2 ½ hours.
- Read the questions carefully before answering.
- Certain sections of the questions have choice, follow the choice regulations strictly.
- If excess questions are attempted, only those attempted first will be valued.

1 سے 12 تک کے سوالوں میں سے کسی 6 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : **(6 × 1 = 6)**

1. ان میں سے کون قطعہ نگار ہے ؟ (اخترؔ انصاری، میر حسنؔ، مرزا غالبؔ)

2. غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

3. یہ کس کا شعر ہے ؟

جسے عشق کا تیر کاری لگے

اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے

4. افسانہ 'روشنی' کا مصنّف کون ہے ؟

5. رباعی کا دوسرا نام کیا ہے ؟

6. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کا نام لکھیے۔

7. نظم 'زبانِ انقلاب' کا شاعر کون ہے ؟

8. ان میں سے شاعرِ مشرق کسے کہا جاتا ہے ؟ (غالبؔ، علامہ اقبالؔ، نظیرؔ اکبرآبادی)

9. ایک شعر میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟

10. آپ کے پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کا نام لکھیے۔

11. ان میں غزل گلوکار کون ہے ؟ (پریم چند، غلام علی، مرزا غالبؔ)

12. منشی پریم چند کہاں پیدا ہوئے ؟

13 سے 18 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 جواب کم سے کم تین جملوں میں لکھیے : (3 × 3 = 9)

13. پریم چند کے کسی دو افسانوں کے مجموعوں کے نام لکھیے۔

14. آپ نے اردو کے بارے میں لکھے ہوئے بہت سے اشعار پڑھے ہوں گے۔ کوئی ایک شعر لکھیے۔

15. آپ نے عشق و محبت کے موضوع پر لکھے گئے بہت سے اشعار پڑھے ہوں گے۔ ایسا کوئی ایک شعر لکھیے۔

16. شروع شروع میں اردو کئی دوسرے نام سے مشہور تھی، ایسے کوئی دو نام لکھیے۔

17. پسندیدہ کسی دو نظم گو شعراء کے نام لکھیے۔

18. اردو میں گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی دو شعراء کے نام لکھیے۔

19 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھیے :

(5 × 4 = 20)

19. افسانہ 'روشنی' میں منظر نگار کی بہت سی مثالیں ہیں۔ ایسے کسی ایک منظر کا بیان اپنے الفاظ میں لکھیے۔

20. اردو اصنافِ سخن میں رباعی ایک اہم صنف ہے۔ رباعی کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

21. پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

22. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ہندو چلا گیا نہ مسلمان چلا گیا
انسان کی جستجو میں ایک انسان چلا گیا

23. رباعی اور قطعہ میں کیا کیا نمایاں فرق ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

24. برج بانو نے قلفی والے کے ہاتھ میں پانچ روپیہ کا نوٹ کیوں رکھ دیا ؟

25. اردو کی تشکیل و تعمیر میں کن کن بولیوں اور زبانوں کا اثر ہوا ہے ؟ لکھیے ۔

26. آپ کے پسندیدہ کسی ایک نظم گو شاعر کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے ۔

27. ہندوستان کی آزادی کی لڑائی میں اردو زبان کی خدمات پر چند نکات پیش کیجیے۔

28. پنڈت جواہر لال نہرو، مہاتما گاندھی جیسے بہت سے قومی رہنماؤں کے بارے میں آپ لوگوں نے پڑھے ہوں گے۔ کسی ایک قومی لیڈر (National Leader) کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے جس نے آپ کو زیادہ متاثر کیا ہو۔

29 سے 36 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے :

(4 × 6 = 24)

29. ''گورنمنٹ لاکھوں روپیے زراعتی اصلاح پر خرچ کرتی ہے۔ نئی نئی تحقیقات اور ایجادات ہوتی ہیں، ڈائرکٹر، انسپکٹر سب موجود۔ مگر حالت میں کوئی اصلاح کوئی تغیر نہیں۔'' افسانہ 'روشنی' کی اس عبارت کے بارے میں اپنے خیالات پیش کیجیے۔

30. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ہیں جہل میں عالم و جاہل ہمسر
آتا نہیں فرق اس کے سوا ان میں نظر
عالم کو ہے علم اپنی نادانی کا
جاہل کو نہیں جہل کی کچھ اپنی خبر

31. خانہ 'الف' کو 'ب' سے ملایئے :

'الف'	'ب'
روشنی	ایک آرزو
الطاف حسین حاؔلی	برج بانو
علامہ اقباؔل	پریم چند
اختر انصاری	رباعی
کنھیالال کپور	خدائے سخن
میر تقی میؔر	قطعہ

32. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

پائے خطاب کیا کیا دیکھے عتاب کیا کیا
دل کو لگا کے ہم نے کھینچے عذاب کیا کیا

33. آپ کے پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

34. اب دنیا بھر میں کووڈ ۱۹ (Covid 19) پھیل رہا ہے۔ اس سے بچنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں ؟ اپنے تجاویز لکھیے۔

35. نظم زبانِ انقلاب کا خلاصہ ایک یا دو پیراگراف (Paragraph) میں لکھیے۔

36. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

نہ چھوڑے محبت دمِ مرگ تک
جسے یارے جانی سوں یاری لگے

37 سے 42 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھیے :
(3 × 7 = 21)

37. اردو ایک عالمی زبان ہے۔ اردو کی عالمگیر مقبولیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

38. افسانہ 'روشنی' میں کونسا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے ؟ ان کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

39. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

40. آپ کے پسندیدہ کسی ایک افسانہ نگار کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

41. ڈرامہ 'دارا شکوہ' سے آپ کے پسند کے کسی ایک کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔

42. ''ہندوستان میرا گھر ہے۔ میں اپنا گھر چھوڑ کر کس طرح جا سکتی ہوں۔'' برج بانو کے اس قول کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔